| Narration | Time |
|---|---|
| 'Drupal Site Management'پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم سیکھیں گے<br>'reports' دیکھنا<br>'Drupal' اپ ڈیٹ کرنا<br>'modules' اور 'themes'اپ ڈیٹ کرنا اور<br>پرانے ورژن کو ریسٹور کرنا یعنی بحال کرنا | 00:06 |
| اس ٹیوٹوریل کو ریکارڈ کرنے کے لئے میں<br>اُبنٹو لینکس آپریٹنگ سسٹم<br>'Drupal' 8 اور<br>'Firefox' ویب براؤزر استعمال کر رہا ہوں<br>آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کر سکتے ہیں. | 00:18 |
| Site management کیا ہے؟<br>Site managementاِن کے بارے میں ہے :<br>Drupal کے کوڈ جو کہ core، modules اور themes ہیں،کو اپ ڈیٹ کرنا. | 00:33 |
| errors کا مشاہدہ اور انہیں درست کرنا.<br>یوزر کی سرگرمی کے بارے میں جاننا وغیرہ . | 00:44 |
| اپنی ویب سائٹ کو کھولیں جسے ہم نے پہلے ہی بنایا ہے. | 00:51 |
| site management کا ابتدائی پوائنٹ Reportsمینیو ہے . اگر آپ کو اضافی مدد کی ضرورت ہے تو، آپ Helpمینیو سے مدد لے سکتے ہیں. | 00:56 |
| Reports پر کلک کریں . ہم رپورٹس کی ایک فہرست دیکھتے ہیں جسے ہم اپنی Drupal site پر حاصل کر سکتے ہیں. | 01:07 |
| 'Available Updates'پر کلک کریں. | 01:14 |
| اگر کچھ بھی سرخ بیک گراؤنڈ میں ہے، اس کا مطلب ہے کہ یہاں security update ہے اور ہمیں اسے جلد ہی اپ ڈیٹ کرنا چاہئے. | 01:17 |
| اگر یہ پیلے رنگ میں ہے، تو یہ security update نہیں ہے، لیکن یہاں ایک اعلی درجے کا ورژن دستیاب ہے . | 01:25 |

| | |
|---|---|
| 01:33 | Settings ٹیب پر، ہم Drupal کو بتا سکتے ہیں کہ updates کے لئے کس طرح بار بار جانچنا ہے. |
| 01:40 | ہم اسے خود کو ای میل بھیجنے کے لئے بھی مقرر کر سکتے ہیں، اگر یہاں updates دستیاب ہوں۔ ایسا کرنے کی پُر زور صلاح دی جاتی ہے. |
| 01:50 | Reports میں، Recent log messages ہمیں Drupal میں پائے گئے ایررس کی فہرست فراہم کرتا ہے . ہم تھوڑی دیر میں ایک بار پھر سے ان پر توجہ دیں گے. |
| 02:01 | 'Reports' میں، Status report، Drupal کی طرف سے شناخت شدہ تنصیب یا کنفگریشن کے مسائل کی عکاسی کرتا ہے. |
| 02:10 | مثال کے طور پر- <br> میں 'MySQL 5.6.30'، 'پڑھوں . میرا Drupal Core status اپ ٹو ڈیٹ نہیں ہے، میرا database اپ ٹو ڈیٹ ہے، وغیرہ. |
| 02:25 | 'Reports' میں، Top access denied errors اور Top page not found errors بھی اہم ہیں. |
| 02:34 | یہ یقینی بنانے کے آسان طریقے ہیں کہ ہماری site بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے. |
| 02:41 | Top search phrases ہماری ویب سائٹ کے سرچ فارم میں اکثر استعمال کئے گئے الفاظ کو فراہم کرتا ہے. |
| 02:49 | اپنی Drupal ویب سائٹ کے reporting section کو سمجھنا، اپنی ویب سائٹ کی دیکھ ریکھ کرنے کا پہلا مرحلہ ہے. |
| 02:57 | اب، Drupal کو اپ ڈیٹ کرنا سیکھتے ہیں. |
| 03:01 | 'Available updates' پر کلک کریں. |
| 03:04 | ہم دیکھتے ہیں کہ Drupal core کا موجودہ ورژن 8.1.0 ہے اور recommended یعنی جس کی صلاح دی گئی ہے وہ ورژن 8.1.6 ہے. |
| 03:15 | یہ ریکارڈنگ کے وقت کی صورت حال ہے. |
| 03:20 | آپ یہاں مختلف recommended ورژن دیکھ سکتے ہیں. |
| 03:24 | نوٹ کریں کہ، Drupal میں موجودہ recommended ورژن کا پتہ لگانے کے لئے آپ کو انٹرنیٹ کنکشن کی ضرورت ہوگی. |

| | |
|---|---|
| 03:32 | Drupal core کواپ ڈیٹ کرتے وقت، کوڈ فائلیں خود ڈاؤن لوڈ کرنی پڑتی ہیں اور اپنی ویب سائٹ پر لاگو کرنی پڑتی ہیں. |
| 03:40 | ہم سٹیپ بائی سٹیپ اپگریڈنگ عمل دیکھیں گے |
| 03:45 | مندرجہ ذیل سٹیپس، Bitnami Drupal stack کے لئے مناسب ہیں. |
| 03:50 | لیکن زیادہ تر سٹیپس، کسی بھی دوسری 'Drupal' انسٹالیشن کے لئے مناسب ہیں. |
| 03:57 | سٹیپ نمبر:1<br>پہلے اپنی 'site' کو Maintenance mode میں رکھیں. |
| 04:03 | اس کے لئے، Maintenance mode پر جائیں اور 'Development' میں 'Maintenance mode' پر کلک کریں. |
| 04:11 | 'Put site into maintenance mode' آپشن کو چیک کریں. |
| 04:16 | 'Save configuration' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 04:19 | جب Maintenance mode چالو ہو، تو صرف 'administrators' لاگ ان کر سکتے ہیں. |
| 04:26 | غلطی سے اگر آپ نے admin سے لاگ آؤٹ کیا ہے، آپ اپنے ہوم پیج پر 'URL' کے بعد /user کا استعمال کرتے ہوئے لاگ ان کر سکتے ہیں. |
| 04:37 | دوسرے لوگ میسج دیکھیں گے-site is under maintenance |
| 04:42 | سٹیپ نمبر:2<br>موجودہ ورژن کے ڈیٹا بیس کا بیک اپ لیں. |
| 04:47 | اپنی Bitnami Drupal Stack کنٹرول ونڈو کھولیں. |
| 04:52 | کنٹرول ونڈو کو کیسے کھولیں یہ جاننے کے لئے Installation of Drupal ٹیوٹوریل پر عمل کریں. |
| 05:00 | 'Open PhpMyAdmin' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 05:05 | ہم 'phpmyadmin' پیج پر رِڈائریکٹ ہوتے ہیں. |
| 05:10 | ڈیفالٹ یوزرنیم 'root' ہے. |
| 05:13 | 'Drupal admin password' اور 'phpmyadmin password' دونوں ایک جیسے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 05:20 | لہذا یوزرنیم 'root' ٹائپ کریں اور پھر اپنا 'Drupal admin password' ٹائپ کریں، پھر 'Go' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 05:29 | بیک اپ لینے کے لئے، پہلے اوپر کے پینل پر 'Export' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 05:36 | پھر 'Export method' میں 'Custom' منتخب کریں. |
| 05:40 | 'Database' فہرست میں 'bitnami_drupal8' منتخب کریں. |
| 05:45 | 'Output' سیکشن میں، filename template میں drupal-810 لکھیں اور 'Compression' میں 'gzipped' منتخب کریں. |
| 05:58 | Filename اپنے موجودہ ورژن کی بنیاد پر مختلف ہو سکتا ہے. |
| 06:03 | 'Object creation options' میں، Add DROP DATABASE statement آپشن پر چیک مارک کریں. |
| 06:12 | 'Add DROP TABLE' آپشن پر چیک چیک مارک کریں. |
| 06:16 | نیچے سکرول کریں اور نیچے 'Go' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 06:21 | فائل سیو کرنے کے لئے 'OK' پر کلک کریں. |
| 06:25 | اپنے 'Downloads' فولڈر پر جائیں اور بیک اپ فائل 'drupal-8.1.0.sql.gz' دیکھیں. |
| 06:36 | سٹیپ نمبر-3<br>ہمیں تمام سرورس کو بند کرنا چاہیئے. |
| 06:42 | تمام چل رہے سرورس کو بند کرنے کے لئے، Bitnami Drupal Stack کنٹرول ونڈو پر جائیں. |
| 06:49 | Manage Servers ٹیب پر کلک کریں اور پھر Stop All بٹن پر کلک کریں. |
| 06:56 | سٹیپ نمبر 4<br>'Welcome' کے ٹیب پر کلک کریں اور پھر Open Application Folder بٹن پر کلک کریں. |
| 07:04 | یہ فائل براوزر میں کھل جائے گی. |
| 07:07 | فولڈر apps پھر 'drupal' اور آخر میں htdocs پر جائیں |
| 07:15 | سٹیپ نمبر 5<br>ہمیں 'Drupal' کے موجودہ ورژن کے لئے کوڈ کا بیک اپ لینے کے لئے فولڈر بنانا ہے. |

| | |
|---|---|
| 07:24 | موجودہ ورژن نمبر کے ساتھ فولڈر کو نام دیں. |
| 07:29 | پھر، ڈیٹا بیس فائل کو drupal-810 فولڈر میں ڈالیں. |
| 07:36 | سٹیپ نمبر 6<br>'htdocs' فولڈر پر واپس جائیں. |
| 07:42 | پھر، 'core' اور 'vendor' فولڈر کو اور باقی تمام فائلوں کو cut اور paste کر کے بیک اپ فولڈر drupal-810 میں منتقل کریں. |
| 07:55 | یہ دونوں، ڈیٹا بیس اور کوڈ کو ایک مقام پر رکھتا ہے. |
| 08:00 | یہ core کے پرانے ورژن کی بیک اپ کاپی ہے، اگر کبھی آپ اس ورژن پر واپس آنا چاہئیں. |
| 08:07 | سٹیپ نمبر 7<br>اپنے 'htdocs' فولڈر پر جائیں |
| 08:13 | اب ہمیں Drupal کا نیا ورژن ڈاؤن لوڈ کرنا ہوگا. |
| 08:18 | اپنا ویب براؤزر کھولیں اور ظاہر لنک https://www.drupal.org/project/drupal پر جائیں |
| 8:24 | Drupal 8 کا نیا recommended ورژن ڈاؤن لوڈ کریں |
| 08:28 | اس ریکارڈنگ کے وقت، یہ Drupal core 8.1.6 ہے. |
| 08:35 | آپ کا اسے دیکھنے کے وقت، ورژن مختلف ہو سکتا ہے. |
| 08:40 | اسے کھولنے کے لئے اس پر کلک کریں. |
| 08:43 | ڈاؤن لوڈ پر جانے کے لئے tar.gz یا zip پر کلک کریں. |
| 08:49 | اسے سیو کرنے کے لئے 'OK' پر کلک کریں. |
| 08:53 | اب اپنے 'Downloads' فولڈر میں جائیں اور اپنے 'htdocs' فولڈر میں drupal zip فائل منتقل کریں. |
| 09:01 | 'drupal' 8.1.6.zip فائل اس ٹیوٹوریل کے ویب پیج میں Code files لنک میں دی گئی ہے. |
| 09:11 | اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ کنکشن نہیں ہے تو، اسے ڈاؤن لوڈ کر کے استعمال کریں. |
| 09:18 | سٹیپ نمبر 8<br>فائل کو 'Unzip' کریں . یہ 'htdocs' فولڈر میں drupal-816 فولڈر بنائے گا. |
| 09:30 | کھولنے کے لئے اس پر ڈبل کلک کریں. |

| | |
|---|---|
| نئے Drupal folder سے، 'core' اور 'vendor' فولڈر اور دیگر تمام فائلوں کو 'htdocs' فولڈر میں منتقل کریں. | 09:34 |
| سٹیپ نمبر 9 Bitnami Drupal Stack کنٹرول ونڈو پر جائیں. | 09:44 |
| اب، Manage Servers ٹیب پر جائیں اور تمام سرورس کو شروع کرنے کے لئے Start All بٹن پر کلک کریں. | 09:51 |
| سٹیپ نمبر 10: اپنی ویب سائٹ پر جانے کے لئے 'Welcome' ٹیب، 'Go to Application' بٹن اور Access Drupal لنک پر کلک کریں. | 10:00 |
| 'Reports' اور 'Status report' پر جائیں. | 10:12 |
| یہاں، ہم Drupal ورژن نمبر کی تصدیق کر سکتے ہیں کہ کیا یہ تازہ ترین ورشن ہے؟. | 10:17 |
| لیکن ہمارا ڈیٹا بیس آؤٹ آف ڈیٹ ہے. | 10:24 |
| ہر بار جب بھی وہاں core، module یا theme اپ ڈیٹس ہوں، ڈیٹا بیس اپ ڈیٹ کرنا ہوتا ہے. | 10:27 |
| سٹیپ نمبر 11: ڈیٹا بیس کو اپ ڈیٹ کرنا سیکھتے ہیں. | 10:36 |
| 'Extend' مینیو میں جائیں اور update script لنک پر کلک کریں. | 10:42 |
| 'Continue' کے بٹن پر کلک کریں. | 10:47 |
| یہ بتاتا ہے کہ ہمارے پاس pending یعنی زیرالتوا اپڈیٹس ہیں . آپ کے لئے، یہ مختلف ہوسکتا ہے. | 10:51 |
| 'Apply pending updates' کے بٹن پر کلک کریں. | 10:58 |
| 'Administration pages' کے لنک پر کلک کریں. | 11:04 |
| اگر یہاں کوئی ایررس نہیں ہے، تو ہم نے 'core' کو کامیابی سے اپ ڈیٹ کر دیا ہے. | 11:08 |
| سٹیپ نمبر 12<br>'Go online' کے لنک پر کلک کریں. | 11:14 |
| Put site to maintenance mode آپشن سے چیک مارک حذف کریں. | 11:18 |
| 'Save configuration' کے بٹن پر کلک کریں. | 11:25 |
| یہ تمام یوزرس کے لئے ویب سائٹ کو آن لائن موڈ میں واپس لائے گا. | 11:29 |
| 'ابھی تک بیان کئے گئے سٹیپس، 'Bitnami' انسٹالیشن کیلئے کام کرتے ہیں. | 11:34 |

| | |
|---|---|
| 11:40 | اگر آپ نے دیگر طریقوں کا استعمال کیا ہے تو Bitnami سیکشن کے علاوہ زیادہ تر سٹیپس ایسے ہی ہوں گے. |
| 11:48 | اب 'themes' اور 'modules' اپ ڈیٹ کرنا سیکھتے ہیں. |
| 11:53 | یہ core اپ ڈیٹ کے مقابلے میں آسان ہے، کیونکہ Drupal اسے ایک بٹن پر کلک کر کے کر دے گا. |
| 12:01 | کبھی کبھی ہمارے پاس کسی 'core' اپ ڈیٹ کے بغیر صرف 'modules' یا 'themes' اپ ڈیٹ ہوں گے. |
| 12:09 | سٹیپ نمبر 1:<br>'Reports' مینیو پر اور پھر 'Available updates' پر کلک کریں. |
| 12:15 | 'Update' کے ٹیب پر کلک کریں. |
| 12:19 | یہاں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارے پاس کچھ 'themes' اور 'modules' اپ ڈیٹ کرنے کے لئے ہیں. |
| 12:25 | ان تمام کو منتخب کریں. |
| 12:28 | پھر 'Download these updates' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 12:33 | یقینی بنائیں کہ performing updates in maintenance mode کے لئے چیک باکس ON ہے. |
| 12:39 | اپ ڈیٹس لاگو کرنے کے لئے 'Continue' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 12:43 | یہ کوڈ کو اپ ڈیٹ کرے گا اور ویب سائٹ کو online mode پر لے آئے گا. |
| 12:49 | سٹیپ نمبر 2:<br>'Run database updates' کے لنک پر کلک کریں . |
| 12:55 | اگر آپ نے ڈیٹا بیس کا بیک اپ نہیں لیا ہے، تو لیں، جیسے ہم نے پہلے لیا. |
| 13:01 | 'Continue' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 13:04 | یہ ڈیٹا بیس کو اپ ڈیٹ کرے گا جیسے کہ ہم نے core اپ ڈیٹ کرنے کے لئے کیا تھا. |
| 13:09 | 'Apply pending updates' کے بٹن پر کلک کریں. |
| 13:14 | 'Administration pages' کے لنک پر کلک کریں. |
| 13:18 | 'Drupal' عام طور پر سائٹ کو واپس online mode پر لے جائے گا. |
| 13:24 | اگر ایسا نہیں ہے تو آپ کے پیج کے سب سے اوپر ایک Go online آپشن نظر آئے گا. |

| | |
|---|---|
| سٹیپ نمبر:3<br>آخر میں، چیک کریں کہ سب کچھ اپ ٹو ڈیٹ ہے؟. | 13:33 |
| 'Reports' مینو اور 'Available updates' پر کلک کریں. | 13:39 |
| یہاں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارا Drupal core، Modules اور 'Themes' سب کچھ اپ ٹو ڈیٹ ہیں. | 13:44 |
| پھر سیکھتے ہیں کہ اپنے پرانے ورژن پر کس طرح لوٹنا ہے. | 13:51 |
| اگر آپ کا اپ ڈیٹ کسی وجہ سے ناکام ہوتا ہے، اور آپ نہیں جانتے کہ کس طرح، آپ گزشتہ ورژن پر واپس جا سکتے ہیں. | 13:56 |
| اس کے لئے، ہمیں پرانے core اور ڈیٹا بیس کو ریسٹور کرنے کی ضرورت ہے. | 14:05 |
| سٹیپ نمبر:1<br>سائٹ کو 'Maintenance mode' میں رکھیں. | 14:10 |
| سٹیپ نمبر:2<br>'Drupal Stack Control' ونڈو سے تمام سرورس کو بند کر دیں. | 14:17 |
| سٹیپ نمبر:3<br>اپنے 'htdocs' فولڈر کو کھولیں. | 14:25 |
| 'core' اور 'vendor' فولڈرز اور دوسری عام فائلوں کو drupal-816 فولڈر میں ڈالیں. | 14:30 |
| 'htdocs' فولڈر میں جائیں اور پرانے ورژن کے فولڈر کو کھولیں. | 14:40 |
| پھر 'core' اور 'vendor' فولڈرز اور دوسری عام فائلوں کو drupal-810 سے 'htdocs' فولڈر میں ڈالیں. | 14:44 |
| سٹیپ نمبر:4<br>Drupal Stack Control ونڈو سے 'Apache' اور MySQL سرورس کو شروع کریں. | 15:00 |
| سٹیپ نمبر:5<br>پرانے ڈیٹا بیس کو ریسٹور کریں. | 15:11 |
| Drupal Stack Control ونڈو سے 'phpmyadmin' پیج کھولیں. | 05:15 |
| اوپر 'Import' کے بٹن پر کلک کریں. | 15:23 |
| 'Browse' کے بٹن پر کلک کریں. | 15:27 |
| یہاں بیک اپ ڈیٹا بیس فائل کو منتخب کریں. | 15:30 |

| | |
|---|---|
| 15:34 | پھر نیچے Go بٹن پر کلک کریں. |
| 15:38 | سٹیپ نمبر 6 :<br>آخری مرحلہ، جانچنے کیلیئے کہ کیا ہم پرانے ورژن پر آ گئے ہیں. |
| 15:45 | اپنی Drupal site پر آئیں. |
| 15:49 | 'Reports' مینیو اور Status report پر کلک کریں. |
| 15:52 | یہاں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اب آپ کا 'Drupal' ورژن 8.1.0 ہے. |
| 15:59 | نوٹ کریں کہ، ہم صرف core اور database کے پرانے ورژن پر واپس آ سکتے ہیں. |
| 16:05 | 'modules' اور 'themes'، 'Drupal' کی طرف سے اپ ڈیٹ کئے گئے ہیں. |
| 16:10 | ہم نے سٹیپ 6 میں اس کی کاپی نہیں بنائی ہے، تو ہم یہاں پرانے ورژن کو نہیں دیکھ سکیں گے . |
| 16:18 | اب یہ ٹیوٹوریل ختم ہوتا ہے |
| 16:22 | مختصر میں... |
| 16:25 | اس ٹیوٹوریل میں، ہم نے Site management کے کچھ اہم پہلوؤں کے بارے میں سیکھا<br>رپورٹیں دیکھنا اور تجزیہ کرنا<br>database اور code کا بیک اپ لینا |
| 16:39 | 'Drupal core' اپ ڈیٹ کرنا<br>'modules' اور 'themes' اپ ڈیٹ کرنا اور<br>بیک اپ ورژن کو ریسٹور کرنا |
| 16:49 | اس لنک پر دستیاب ویڈیو اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے. |
| 16:54 | اسے ڈاؤن لوڈ کریں اور دیکھیں. |
| 16:58 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم ورکشاپس منعقد کرتی ہے اور اسناد دیتی ہے. |
| 17:03 | مزید معلومات کے لئے، ہمیں لکھیں. |
| 17:06 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کی مالی معاونت NMEICT انسانی وسائل وترقی کی وزارت اور NVLI، وزارتِ ثقافت ، بھارتی حکومت نے کی ہے. |
| 17:22 | اس سکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلیئے آپکا شکریہ |